غیر رسمی نصاب کے مطابق

# مذہبی تعلیمات

## پیکیج ای (جماعت ہشتم)

رہ نُمائے اساتذہ

نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم
نظامت نصاب، جائزہ و تحقیق
محکمہ تعلیم و خواندگی، حکومتِ سندھ

غیر رسمی نصاب کے مطابق

ره نُمائے اساتذہ

# مذہبی تعلیمات

(جماعت ہشتم)
(پیکج ای)

نظامتِ خواندگی وغیر رسمی تعلیم
نظامتِ نصاب، جائزہ وتحقیق
محکمہ تعلیم وخواندگی، حکومتِ سندھ

جملہ حقوق نظامت خواندگی وغیر رسمی تعلیم حکومت سندھ محفوظ ہیں

یہ تدریسی مواد غیر رسمی بنیادی اسکولوں کے طلبہ و طالبات کی تعلیمی ضروریات کو مدنظرر کھتے ہوئے حکومت سندھ کے منظورشدہ نصاب
(Notification No. SELD/HCW/8/2018 Dated: 6 September, 2024) ALP-Middleکے
مطابق ترتیب دیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم حکومت سندھ آپ کی آراء اور تجاویز کو مزید بہتری کے لیے استعمال کرے گی۔

| مصنفین و مؤلفین و مدیران | جائزہ کمیٹی برائے کتاب و نصاب |
|---|---|
| 1- پونجراج کیسرانی، پرنسپل (ریٹائرڈ)<br>2- نیاز احمد راجپر، سبجیکٹ سپیشلسٹ، (مذہبی تعلیمات، اسلامیات، عربی)، سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ جام شورو | 1. ڈاکٹر چمن منشا (پی ایچ ڈی)، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر SEMIS اینڈ پلاننگ، میر پور خاص<br>2. نبی بخش میمن، ڈپٹی ڈائریکٹر، ڈائریکٹوریٹ آف کریکولم اسیسمنٹ اینڈ ریسرچ سندھ، جام شورو |

نگران اعلیٰ : ڈاکٹر فوزیہ خان، چیف ایڈوائزر، کریکیولم ونگ، محکمہ تعلیم و خواندگی، حکومت سندھ ،

نگران برائے ترتیب و جائزہ : عبد الجبار مری، ڈائریکٹر، نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم، محکمہ تعلیم و خواندگی، حکومت سندھ

عبدالمجید بھرٹ ، ڈائریکٹر، نصاب، جائزہ و تحقیق جام شورو، حکومت سندھ

نگران طباعت : عابد حسین گل، ڈپٹی چیف ایڈوائزر JICA-AQAL Project

آصف ابرار ایجو کیشن اسپیشلسٹ UNICEF

تکنیکی معاونت: محمد یونس JICA-AQAL Project

انتظامی معاونت : منظور احمد عقیلی، ایڈیشنل ڈائریکٹر، نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم، محکمہ تعلیم و خواندگی

امیر علی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر، نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم، محکمہ تعلیم و خواندگی

ریحانہ بتول، ایجوکیشن آفیسرUNICEF

پریم ساگر لوہانہ صوبائی کو آرڈینیٹر ، JICA-AQAL Project

اشاعت: سال 2024 ء

آرٹ اینڈ لَے آؤٹ ڈیزائننگ: فرحان جاوید، محمد اکمل شہزاد JICA-AQAL Project

تکنیکی و مالی معاونت: یونیسیف UNICEF سندھ ، JICA AQAL Project

**پیغام**

قوموں کی ترقی کا دارو مدار افراد کی شعوری معلومات پر منحصر ہوتا ہے اور اس کے لیے ہر فرد کا تعلیم حاصل کرنا لازمی امر ہے ۔ آئین پاکستان کی شق 25-A اور (B) 37 کے ساتھ ساتھ انسانی حقوق کے عالمی چارٹر کا مطالبہ ہے کہ ۔ ”ملک کا ہر فرد زیور علم سے سنوارا جائے-“ پاکستان کی آبادی کا بڑا حصہ علم کی روشنی سے محروم ہے ۔ اس وقت سندھ کی شرح خواندگی تقریبا 60 ہے۔ حکومت کی کوشش ہے کہ سال 2030 تک یہ شر ح 85 فی صد ہو جائے۔

صوبۂ سندھ میں میں محکمہ تعلیم نے یونیسیف (UNICEF)، جائیکا (JICA)، نظامت نصاب، جائزہ اور تحقیق (DCAR) اور متعدد ماہرین تعلیم کے تعاون سے غیر رسمی تعلیم کے سلسلے میں مختلف مضامین کے نصابات (Curricula ) مرتب کیے ہیں۔ پہلے مرحلے میں2016 میں ابتدائی درجات کے نصابات تشکیل دیے گئے ۔ جس کےبعد وسطانی درجات کےنصابات کے تحت پڑھائے جانے والے مضامین کی درسی کتب اور ر ہ نمائے اساتذہ تیار کیے گئے ہیں۔ جن کی مدد سے صوبۂ سندھ کے طلبہ اور طالبات 18 ماہ میں وسطانی سطح کی تعلیم مکمل کر لیں گے ۔

ان درجات کو پیکج "ڈی" اور " ای" کا نام دیا گیا ہے تاکہ وہ بچے جو کسی وجہ سے رسمی اسکولوں سے تعلیم مکمل نہ کر سکے ہوں اور ان کی عمر بڑھ گئی ہو وہ تیز رفتار تعلم کے ذریعے 18 ماہ کا کورس مکمل کرکے و سطانی سطح کا سرٹیفیکیٹ حاصل کر سکیں۔

تمام اساتذہ اور فیلڈ اسٹاف سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے فرائض کو خوش اسلوبی سے انجام دیں اور پڑھانے کے دوران آنے والے مسائل سے ضرور آگاہ کریں تا کہ اس عمل میں بہتری لائی جاسکے۔

قوی امید ہے کہ نئے نصاب کے مطابق ترتیب دیا گیا مواد غیر رسمی تعلیم کی ضرورتوں کو بہتر انداز میں پورا کرے گا۔

**زاہد علی عباسی**
سیکرٹری
محکمہ تعلیم و خواندگی،
حکومت سندھ

**پیش لفظ**

اٹھارویں ترمیم کے بعد نصاب سازی کا عمل صوبوں کو منتقل کر دیا گیا ۔ چناں چہ نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم حکومت سندھ نے 2015 میں جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) اور نظامت نصاب ، جائزہ اور تحقیق کے تعاون سے غیر رسمی تعلیم کے حوالے ابتدائی درجات کے لیے مختلف مضامین کے نصابات تشکیل دیئے اور ان کے نام پیکج اے، بی اور سی رکھے۔ ان نصابات کے تحت درسی کتب اور رہ نمائے اساتذہ تیار کیے گئے۔ مذکورہ بالا مواد کی تیاری میں ما ہرین تعلیم اور اساتذہ پر مشتمل کمیٹیوں نے بھرپور انداز سے کام کیا اور مواد کو دل چسپ ، مؤثر اور نتیجہ خیز بنانےکی کوشش کی ۔

ابتدائی درجات پر عمل درآمد کے دوران ضرورت محسوس کی گئی کہ وسطانی جماعتوں کے نصابات بھی تیار کیے جائیں ۔ چنانچہ نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم نے جائیکا (JICA) ،یونیسف (UNICEF) اور نظامت نصاب ، جائزہ اور تحقیق کے تعاون سے وسطانی درجات کے نصابات ، درسی کتب اور رہ نمائے اساتذہ تیارکیے ۔ جماعت ششم و ہفتم کا نام پیکج ڈی اور جماعت ہشتم کا نام پیکج ای رکھا ۔

اس درسی کتاب کے اسباق کی تیاری میں نصاب میں دی گئی استعدادات، مہارات، معیارات، حدِ تدریج، حاصلات تعلیم موضوعات و عنوانات کو اور تعلیم کے بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھا گیا ۔ یعنی آسان سے مشکل ، سادہ سے پیچیدہ اور مقرون سے مجرد تصورات کا خیال رکھا گیا ۔ اسباق کی مشقوں پر خصوصی توجہ دی گئی اور حاصلات تعلم کا جائزہ لینے کے لیے مختلف النّوع سوالات مثلاً موضوعی اور معروضی سوالات کا خاص طور پر اہتمام کیا گیا ۔

رہ نمائے اساتذہ میں ہر سبق کے سبقی خاکے مؤثر تدریسی طریقوں اور تدریسی معاونیات کی نشان دہی کی گئی ہے ۔ سرگرمیوں میں حاصلاتِ تعلم ذہنی آمادگی کی تکنیکوں، سبق کی پیش کش اور تفہیم کا بہ طور خاص خیال رکھا گیا ہے ۔

قوی اُمید ہے کہ آپ اس درسی کتاب کو تنقیدی نقطہ نظر سے دیکھیں گے اور اسے بہتر بنانے کے لیے اپنی تجاویز اور آراء سے نوازیں گے۔

خیر اندیش
ناظم
نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلم
حکومت سندھ

| فہرست | | | |
|---|---|---|---|
| **پہلا باب مذاہب کا تعارف** | | | |
| ۱ | پہلا سبق | معاشرتی بھلائی میں مذاہب کا کردار | ۸ |
| ۲ | دوسرا سبق | کرداری سازی میں مذاہب کا اَثر | ۱۰ |
| ۳ | تیسرا سبق | مسیحیت کا تعارف (تعارف اور تصوّر) | ۱۲ |
| ۴ | چوتھا سبق | مسیحیت کی مقدس کتابیں اور تعلیمات | ۱۴ |
| **دوسرا باب:معاشرتی اور اخلاقی اقدار** | | | |
| ۵ | پہلا سبق | حُبُّ الوطنی | ۱۶ |
| ۶ | دوسرا سبق | ایک شہری کے فرائض اور ذمہ داریاں | ۱۸ |
| ۷ | تیسرا سبق | آئین، قانون اور بنیادی حقوق کا احترام | ۲۰ |
| ۸ | چوتھا سبق | معاشرتی زندگی میں وقت کی پابندی کی اہمیت | ۲۲ |
| **تیسراباب: سماجی و معاشرتی آداب** | | | |
| ۹ | پہلا سبق | میل جول کے آداب | ۲۴ |
| ۱۰ | دوسرا سبق | بزرگوں کا احترام اور بیماروں کی عیادت کرنا | ۲۶ |
| **چوتھا باب: شخصیات** | | | |
| ۱۱ | پہلا سبق | میرا ں بائی | ۲۸ |
| ۱۲ | دوسرا سبق | مقدس اگسٹین | ۳۰ |
| ۱۳ | تیرا سبق | اِبنِ مسکویہ | ۳۲ |
| ۱۴ | چوتھا سبق | ابراہام لنکن | ۳۴ |
| **پانچواں باب: مذہبی تہوار** | | | |
| ۱۵ | پہلا سبق | دیوالی | ۳۶ |
| ۱۶ | دوسرا سبق | جنم اشٹمی (کرشنا جنم اشٹمی ) | ۳۸ |
| ۱۷ | تیسرا سبق | بیساکھی | ۴۰ |

**پہلا باب: مذاہب کا تعارف پہلا سبق**

# معاشرتی بھلائی میں مذاہب کا کردار

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ❖ RS2Db101: معاشرتی بھلائی کو بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS2Db102: دنیا کے مذاہب کے مختلف النوع ہونے کے باوجود ان کے پیچھے اتحاد والے جذبے کو تلاش کرسکیں گے۔
- ❖ RS2Db103: سماجی بھلائی کے لیے مذاہب کے کردار کا جائزہ پیش کرسکیں گے اور عوامی بھلائی کے لیے ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لے سکیں گے۔
- ❖ Rs2Db104: سمجھ سکیں گے کہ معاشرے کے خصوصی افراد (معذور افراد) کو ہمت افزائی، حوصلہ افزائی اور ترغیب دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔

**بنیادی تصور:**

معاشرے میں ضرورت مند افراد کے کام آنا, خاص طور خصوصی افراد کے ساتھ اچھائی کرنا اور خاص مذاہب کی طرف سے اس سلسلے میں رہنمائی۔

**امدادی اشیا:**

۱۔ کچھ نوجوانوں کی محلے میں صفائی کرنے والی تصویر (تصویر )۔
۲۔ ایک خصوصی فرد کو وہیل چیئر دینے کی تصویر (تصویر دیں)۔
۳۔ سفید بورڈ اور مارکر۔

**سبق پڑھانے کا طریقہ:**

سبق پڑھانے سے پہلے استاد طالب علموں کو ایک تصویر دکھاتا ہے۔ اور بعد میں ان سے سوال کرتا ہے۔

۱۔ اس تصویر میں کون بیٹھے ہیں؟
۲۔ ان میں سے کون کیا کر رہا ہے؟
۳۔ آپ کو معاشرہ میں دوسرے افراد کے ساتھ کس طرح چلنا چاہیے؟
۴۔ آپ کو اپنے اردگرد موجود خصوصی افراد سے کس طرح کا سلوک کرنا چاہیے ؟

بچو! آج ہم معاشرے کی بھلائی اور مذاہب کے کردار کے بارے میں پڑھیں گے۔ اس سبق میں ہم ہمارے گاؤں یا محلے میں موجود افراد سے مل جل کر , خاص طور پر خصوصی افراد کے ساتھ سفر میں اچھا سلوک کرنے کے بارے میں پڑھیں گے۔ اب کتاب کا صفحہ نمبر--- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد سبق کہانی کے انداز میں پڑھتا ہے اور طلبا کو توجہ سے سننے کا کہتا ہے۔ استاد پڑھتے وقت اپنی آواز بلند اور مناسب رکھتا ہے, کوئی خاص بات آجائے تو اس کو دو بار دہراتا ہے تاکہ طلبا کے ذہن میں اس کا تصور آجائے ۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد طلبہ کو خاموشی سے پڑھنے اور سمجھنے کے لیے کہتا ہے اور ہدایت کرتا ہے کہ نئے الفاظ کے نیچے پینسل سے لکیر دیں۔

**دوسرا قدم:   جائزہ**

طلبہ و طالبات نے سبق کتنا سمجھا ہے یہ جائزہ لینے کے لیے مندرجہ ذیل سوال پوچھتا ہے۔

(۱) سماجی بھلائی کا مطلب کیا ہے؟
(۲) دوسروں کی مدد کرنے کا معاشرہ پر کیا اثر ہوتا ہے؟
(۳) نوجوانوں کو عام بھلائی کے کاموں میں حصہ لینا کیو ں ضروری ہے؟
(۴) سومار نے اپنا عہدہ قبول کرتے وقت کیا رائے دی؟

**تیسرا قدم:   انفرادی خواندگی**

استاد،طلبا کی طرف سے درست جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور غلطیوں کی نشاندہی کرکے اسے صحیح کرنے کا کہتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد، مشق کے سوالوں کے جواب بورڈ پر لکھ کر طلبا کو لکھنے کے لئے کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: استاد، طلبہ و طالبات کے درست جوابوں سے خالی جگہ پر کرنے والی مشق لکھوا کر تصدیق کرتاہے۔

سرگرمی ۳: استاد طلبا کو کالم ملانے اور جملے مکمل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔ سرگرمی (کھیل کود) میں کچھ مثالیں دے کر طلبا کو سمجھاتاہے۔

دوسرا سبق

# کردار سازی میں مذاہب کا اَثر

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:

- ❖ RSIDb101: کردار سازی کا مفہوم بیان کر سکیں گے۔
- ❖ RSIDb102 : وہ بتا سکیں گے کہ مذاہب کردار سازی میں کیا کرسکتیں ہیں۔
- ❖ RSIDb103 : ہر مذہب میں اچھے رویوں پر بحث کر سکیں گے, اور مثالوں سے دکھا سکیں گے کہ کن طریقوں سے دوسرے مذاہب کے ساتھ باہمی احترام کا جذبہ اجاگر کر سکتے ہیں۔

**بنیادی تصور :**

۱۔ سماجی زندگی میں کردار سازی کی اہمیت بتانا۔
۲۔ کردار سازی کا مفہوم سمجھنا۔
۳۔ خاص مذاہب کے عام اور اچھے رویوں کو جاننا۔

**امدادی اشیا:**

۱۔ معلم کی اخلاقی بہتری پر ایک لیکچر دینے والی تصویر (تصویر)۔
۲۔ سفید بورڈ , مارکر۔

پڑھانے سے پہلے سبق کے عنوان کا تصور دینے, طلبہ و طالبات سے بات چیت کرنے اور پڑھانے کے لئے سازگار ماحول بنانے کے لیے معلم بچوں سےسوال کرتا ہے۔

۱۔ ہمیں اپنے ارد گرد کس کردار کے لوگ پسند ہیں؟
۲۔ اچھے کردار کے افراد سے ہر کوئی پیار کیوں کرتا ہے؟
۳۔ کون سی باتیں اخلاق میں بہتری لاتی ہیں؟
۴۔ مذاہب ہمیں کردار سازی سےمتعلق کیا ہدایات دیتے ہیں؟

پیارے بچو! آج ہم ''کردار سازی میں مذاہب کا کردار'' سبق پڑھیں گے ، جس میں ہم اخلاق اور کردار کو بہتر بنانے کے لیے اچھی باتیں پڑھیں گے۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد، سبق کو کہانی کے انداز میں بلند آواز سے پڑھتا ہے اور بچوں کو غور سے سننے کی ہدایت کرتا ہے۔ پڑھانے کےدوران تصویر کے مدد سے سبق کی خاص نقطوں کا تصور اُجاگر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد طلبا کو سبق خاموشی سے پڑھنے اور سمجھنے کے لئے کہتا ہے۔ اور ہدایت کرتا ہے کہ نئے لفظوں کے نیچے لکیر دیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد چند طلبا کو سبق کے مختلف پیراگراف بلند آواز سے پڑھنے کو کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبا سبق کو کس حد تک سمجھیں ہیں یہ جائزہ لینے کے لیے معلم سوال کرتا ہے اور طلبا کے دیے گئے جوابوں سے اندازہ لگاتا ہے۔ درست جوابوں پر ان کی حوصلہ افزائی کرتاہے اور غلطیوں کے نشاندہی کر کے ان کو درست کرنے کا کہتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: معلم مشقی سوالوں کو بورڈ پر لکھ کر طلبا کو لکھنے کےلیے کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: درست الفاظ سے خالی جگہ پر کرنے والی مشق لکھوا کر اس کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی۳: معلم طلبہ و طالبات کو صحیح اور غلط سے جملے مکمل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی۴: معلم سرگرمی (کھیل کود) میں دیئے گئے پانچ اخلاقی اقدار کے بارے میں طلبا کو سمجھاتا ہے اور ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

تیسرا سبق

# مسیحیت کا تعارف

## (تعارف اور تصور)

**حاصلات تعلم :**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ :

| |
|---|
| ❖ RSIDb101: لفظ"مسیحیت " کی وضاحت کر سکیں گے۔ |
| ❖ RSIDb102: مسیحیت کی بنیاداور ترقی کے متعلق بتاسکیں گے۔ |
| ❖ RSIDb103: مسیحیت کے خاص اصولوں کو جان سکیں گے۔ |
| ❖ RSIDb104: مسیحیت کی خاص علامتوں اور تصورات کو جان سکیں گے۔ |

**بنیادی تصور:**

۱۔ دنیا کے اہم مذاہب کے بارے میں جاننا۔
۲۔ دنیا کے سب سے بڑے مذہب مسیحیت کے بارے میں جاننا۔
۳۔ مسیحیت کے اہم تصورات کو سمجھنا۔

**امدادی اشیا:**

صلیب اور یسوع مسیح کی تصویر (تصویر دکھانا)
گرجا گھر کی تصویر (تصویر دیں)
سفید بورڈ اور مارکر

**سبق پڑھانے کا طریقہ:**

استاد، طلبا کو موضوع کے قریب لانے کے لئے تصویریں دکھاکر ان سےمندرجہ ذیل سوالات پوچھے گا۔

(۱) کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کے اہم مذاہب کونسے ہیں؟
(۲) یہ تصویر کس مذہب کو اُجاگر کرتی ہے؟ (معلم صلیب دکھاتا ہے)

معلم ،طلبا کے درست جوابوں پر ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی کرتا ہے, طبا کی ذهنی آمادگی کے بعد عنوان کا اعلان کرتے ہوئے بتاتا ہے ۔

پیار ے بچو! آج ہم مسیحیت کے بارے میں سبق پڑھیں گے۔
اپنی کتاب کا صفحہ نمبر---- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

معلم، سبق بلند آواز میں پڑھتا ہے۔ طلبہ و طالبات کو پڑھانے کے دوران توجہ سے سننے کا کہتا ہے اور تصویریں دکھا کر الفاظ اور جملوں کے مفہوم کو ذہن نشین کرانے کی کوشش کرتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ و طالبات کو سبق خاموشی سے پڑھنے اور سمجھنے کا کہتا ہے, ان کو نئے الفاظ کےنیچے لکیر دینے کا کہتا ہے تاکہ ان الفاظ کے معنیٰ اور مفہوم بتاسکے۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

معلم ، چند طلبہ و طالبات کو مختلف جگہوں سے سبق کے مختلف حصے بلند آواز سے پڑھنے کو کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبا نے سبق کا مفہوم کتنا سمجھا ہے یہ دیکھنے کے لئے استاد اُن سے کچھ سوال کرتا ہے اور اندازہ لگاتا ہے کہ وہ پڑھانے میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے۔ درست جوابوں پر ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور غلطیوں کی نشاندہی کرکے درست کرنے کا کہتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: معلم مشق کے سوال بورڈ پر لکھتا ہے اور طلبا کو لکھنے کو کہتا ہے۔

سرگرمی۲: درست جواب سے خالی جگہ پُر کرنے والی مشق لکھوا کر اس کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی۳: معلم طلبا کو کالم ملاکر جملے مکمل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی۴: سرگرمی (کھیل کود) کے مندرجات کو حل کرنے کے بارے میں طلبا کو سمجھاتا ہے اور ان کی راہنمائی کرتا ہے۔

چوتھا سبق

# مسیحیت کی مقدس کتابیں اور تعلیمات

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:

- RSIDb201: مسیحیت کی مختلف کتابوں کے نام جان سکیں۔
- RSIDb202: مسیحیت کی مختلف کتابوں کی تعلیمات سے روشناس ہوکر مذہبی ہم آہنگی میں ان کا کردار مثالوں سے بیان کر سکیں گے۔

**بنیادی تصور:**

مقدس کتابوں کے متعلق آگاہی حاصل کرنا اور ان کو سمجھانا۔
مسیحیت کی مقدس کتابوں کا تعارف معلوم کرنا۔

**امدادی اشیا:**

بائبل مقدس کی تصویر (تصویر دیں)
انجیل اور حضرت یسوع مسیح کی تصویر (تصویر دیں)
سفید بورڈ , مارکر

**سبق پڑھانے کا طریقہ:**

مسیحیت کی مقدس کتابوں والے اس سبق کو پڑھانے سے پہلے ان کا مطالعہ کرنا ضروری ہے۔ اس کے لیے مسیحیت کی مذہبی کتابوں اور انٹرنیٹ سے مدد لی جا سکتی ہے۔

سبق کی تدریس سے پہلے طلبا کو آمادہ کریں اور ان سے مسیحیت کی کتابوں کے بارے میں سوال کریں۔

- کیا آپ کو معلوم ہے کہ مسیحیت کی کون کون سی کتابیں ہیں؟
- کیا آپ میں سے کسی نے مسیحیت کی مقدس کتاب دیکھی ہے؟
- کیا آپ میں سے کسی نے مسیحیت کی کتاب کا مطالعہ کیا ہے؟
- دیے گئے جواب کو سامنے رکھتے ہوئے ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی کریں اور ان کو بتائیں کہ پیارے بچو! آج ہم ان کتابوں کے بارے میں مزید جانیں گے۔ آج کے ہمارے سبق کا عنوان ہے: " مسیحیت کی مقدس کتابیں اور تعلیمات"۔ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر---- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد, طلبہ و طالبات کے آگے سبق مثالی طریقے سے بلند آواز میں پڑھتا ہے، طلبا کو توجہ سے سننے کو کہتا ہے, تدریس کے دوران انہیں تصویریں دکھاتا ہے اور الفاظ اور جملوں کے مفہوم کو ذہن نشین کرانے کے کوشش کرتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد, طلبہ و طالبات کو سبق خاموشی سے پڑھنے اور سمجھنے کا کہتا ہے, ان کو نئے الفاظ کے نیچے لکیر دینے کو کہتا ہے تاکہ وہ ان الفاظ کے معنیٰ پوچھ سکیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد، چند طلبہ و طالبات کو سبق کے مختلف حصے بلند آواز میں پڑھنے کا کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

استاد, یہ جائزہ لینے کے لیے کہ طلبا نے سبق کے متعلق کتنی آگاہی حاصل کی ہے ان سے کچھ سوال کرتا ہے اور اندازہ لگاتا ہے کہ اس کی تدریس کس حد تک کامیاب ہوئی ہے۔ اور درست جواب ملنے پر طلبا کی تعریف کرتا ہے۔ غلطیوں کی صورت میں ان کی اصلاح کرتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: معلم مشق کے سوال بورڈ پر لکھ کر طلبا کو لکھنے کا کہتا ہے۔

سرگرمی۲: درست جواب سے خالی جگہ پُر کرنے والی مشق لکھواتا ہے اور لکھے ہوئی کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی۳: استاد, طلبہ و طالبات کو صحیح یا غلط جملوں کی نشاندہی کرنے والی مشق مکمل کرنے میں مدد کرتاہے۔

سرگرمی۴: سرگرمی (کھیل کود) میں مقدس کتابوں کے تعارفی کارڈ بنانے میں طلبا کو آگاہی دیتا ہے اور ان کی ر ہنمائی کرتا ہے۔

**دوسرا باب: معاشرتی اور اخلاقی اقدار پہلا سبق**

# حُبُّ الوطنی

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں کہ وہ:

- ❖ RS2Db101: حب الوطنی کا مفہوم بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS2Db102: اپنے ملک اور قوم سے محبت اور وفاداری کو بیان کر سکیں گے۔
- ❖ RS2Db103: مثالوں کے ذریعے واضح کرسکیں گے کہ ملک سے محبت اور وفاداری کا مظاہرہ کن طریقوں سے کیا جاسکتاہے۔

**بنیادی تصور:**

- وطن سے محبت کرنا۔
- وطن سے وفادار رہنا۔
- وطن سے محبت اور وفاداری کے طریقوں کی آگاہی رکھنا۔

**امدادی اشیا:**

- پاکستان کے قومی پرچم کی تصویر (تصویر دیں)
- خوبصورت نظاروں والی پاکستانی نقشے کی تصویر (تصویر دیں)
- سفید بورڈ , مارکر

**طریقہ تدریس:**

تمہیدی سوالوں کی تدریس سے پہلے بات چیت۔

معلم، طلبا کو پاکستان کا نقشہ اور تصویریں دکھاتا ہے اور ان سے سابقہ معلوماتی سوال کرتا ہے۔

۱۔ یہ نقشہ کس ملک کا ہے؟

۲۔ یہ پرچم اور تصویریں کس ملک سے تعلق رکھتی ہیں؟

۳۔ ہمیں اپنے وطن سے کیسا جذبہ رکھنا چاہیئے؟

پیارے بچو! آج ہم حب الوطنی کے عنوان پر سبق پڑھیں گے, اپنی کتاب کا صفحہ نمبر--- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد، سبق پڑھتا ہے اور طلبا کو توجہ سے سننےکا کہتا ہے۔ سبق پڑھتے وقت اپنی آواز بلند اور آسان فہم رکھتا ہے۔ اگر کوئی خاص بات آئے تو اس کو دہراتا ہے تاکہ اس کا تصور طلبہ و طالبات کو ذہن نشین ہو جائے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد ، طلبہ و طالبات کو خاموشی سے پڑھنے کا کہتا ہے اور کوئی نیا لفظ سمجھ میں نہ آنے والا ہو تو اس کے نیچے لکیر دینے کا کہتا ہے ۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد، بیٹھے ہوئے طلبہ و طالبات کو الگ الگ طور پر بلندآواز سے پڑھنے کے لیے کہتا ہے ۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

یہ جاننے کے لیے کہ سبق کی تدریس کے بعد طلبا کو کتنی آگاہی ہوئی ہےاستاد،

طلبا سے کچھ سوال کرتا ہے تاکہ اندازہ لگا سکے کہ وہ تدریس میں کس حد تک کامیاب رہا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی۱: معلم مشق کے سوالوں کے جواب بورڈ پر لکھنے کے بعد طلبا کو لکھنے کا کہتا ہے۔

سرگرمی۲: خالی جگہ پر کرنے والی مشق حل کرنے میں طلبا کی مدد کرتا ہے۔

1. معجزہ
2. سہولت
3. ترجیح
4. پشیمان
5. خیر خواہ

سرگرمی۳: معلم ،مشق صحیح یا غلط حل کرنے میں مدد کرتا ہے۔

(1) X (2) ✓ (3) ✓ (4) X (5) ✓

سرگرمی ۴: کتاب میں دی گئی ہے۔

سرگرمی ۵: کتاب میں دی گئی ہے۔

دوسرا سبق

# ایک شہری کے فرائض اور ذمہ داریاں

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:

- ❖ RS2Db105: بنیادی تصور: ''فرض'' اور ''ذمہ داری' ' کا مطلب بیان کر سکیں گے۔
- ❖ RS2Db106: ایک شہری ہونے کی حیثیت سے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کو جان سکیں۔
- ❖ RS2Db107: ایک شہری ہونے کی حیثیت سے اپنے اوپر لاگو فرائض اور ذمہ داریوں کی اہمیت کے بارے میں بات چیت کرسکیں گے۔
- ❖ RS2Db108: ایک شہری کے فرائض اور ذمہ داریوں کا مثالوں کے ذریعے عملی مظاہرہ کرسکیں گے۔

**بنیادی تصور:**

ایک شہری کی حیثیت سے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کا احساس کرنا اور ان کی اہمیت کو جاننا۔

عملی زندگی میں ان پر عمل کر کے ملک کی ترقی میں ساتھ دیں سکیں۔

**تدریسی معاونت:**

١۔ دو گھروں کے اندرونی منظر کی تصویریں, ایک میں ٹی وی پر (No Sound) کا نشان ہو اور دوسری میں بچے پڑھتے ہوئے نظر آئیں۔

٢۔ سفید بورڈ , مارکر, سفید پیپر۔

**طریقہ تدریس:**

تدریس سے پہلے موافق ماحول پیدا کرنے کے لیے استاد طلبہ و طالبات سے گفتگو کرتا ہے اور چند سوالات کرتا ہے۔

سوال نمبر ١: اس تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟

سوال نمبر٢: اپنے گھر میں ٹی وی دیکھنا اچھی بات ہے؟

سوال نمبر٣: ٹی وی دیکھنا ہمارا حق ہے لیکن ہماری ذمہ داری کیا ہے؟

**اعلان سبق:**

پیارے بچو! ہمارے آج کے سبق کا عنوان ہے ایک شہری کےفرائض اور ذمہ داریاں۔

آج ہم اس سبق میں شامل باتوں پر عمل کرنے کے بارے میں مزید سیکھیں گے اور پڑھیں گے, اپنی کتاب کا صفحہ نمبر--- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد،رموز ِاوقاف کا خیال کرتے ہوئے، مناسب لب و لہجے سے سبق کی مثالی خواندگی کرتا ہے اور طلبہ کو توجہ سے سننے کی ہدایت کرتا ہے۔ اسی دوران طلبہ کو تصویریں دکھاتا ہے۔

**دوسرا قدم:  خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ و طالبات کو خاموشی سے سبق پڑھنے کو کہتا ہے اور کوئی نیا لفظ ہو تو اس کو Underline کرنے کا کہتا ہے۔

**تیسرا قدم:  انفرادی خواندگی**

استاد، طلبہ و طالبات کو سبق کے مختلف پیراگراف بلند آواز میں پڑھنے کو کہتا ہے۔

**چوتھا قدم:  جائزہ**

یہ جائزہ لینے کے لیے کہ کس حد تک طلبہ نے سبق سمجھا ہے ان سے کچھ سوالات کرتا ہے تاکہ طلبہ و طالبات کے دیئے گئے جوابات سے ان کے سیکھنے کا اندازہ لگا سکے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد مشقی سوال بورڈ پر لکھ کر طلبہ سے لکھنے کو کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: استاد طلبہ کی خالی جگہیں پُر کریں والی مشق حل کرنے میں مدد کرتا ہے۔

1. ہلکا
2. جائیداد
3. ایک جیسے
4. ایمانداری اور جوابداری۔

سرگرمی ۳: استاد، درست اور غلط والی مشق کو حل کرنے میں طلبہ کی مدد کرتا ہے:

(1) ✓ (2) X (3) X (4) X (5) ✓

سرگرمی ۴: کتاب میں دی گئی ہے۔

سرگرمی ۵: کتاب میں دی گئی ہے۔

تیسرا سبق

# آئین، قانون اور بنیادی حقوق کا احترام

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہو سکیں گے کہ وہ:

- ❖ RS2Db107:"قانون" کی تعریف بیان کرسکیں گے, آئین اور قانون کا فرق بیان کر سکیں گے۔
- ❖ RS2Db108:"آئین" کی تعریف بیان کر سکیں گے۔ آئین کی مختلف نام بیان کرسکیں گے۔ ۱۹۷۳ء والا آئین جن بنیادی انسانی حقوق کی ضمانت دیتا ہے ان کو گنواسکیں گے اور سمجھ سکیں گے کہ قانون اور آئین کی پاسداری اور احترام ایک فرض ہے۔
- ❖ RS2Db109:واضح کر سکیں گے کہ قانون کو نہ ماننے کی صورت میں کیا نقصانات ہیں, قانون لاگو کرنے والے مختلف اداروں کے بارے میں جان سکیں گے اور ایسی مثالوں کا عملی مظاہرہ کرسکیں گے, جن کےذریعہ سب شہریوں کو برابری کے حقوق کی ضمانت دی گئی ہے۔

**بنیادی تصور:**

- قانون کا مفہوم اور اس کی اہمیت کو جاننا۔
- قانون پر عمل کرنے کی اہمیت اور فوائد کے ساتھ ساتھ قانون کو توڑ نے یا عمل نہ کرنے کے نقصانات سے واقف ہونا۔
- ۱۹۷۳ ء والے آئین کو سمجھنا اور ان میں دیئے گئے انسانی حقوق کی آگاہی حاصل کرنا۔

**امدادی اشیاء:**

- قانون کے کتابوں اور۱۹۷۳ ء والے آئین کی تصویر (تصویر)۔
- سفید بورڈ , مارکر, اور آئین کا مسودہ۔

**طریقہ تدریس:**

تدریس سے پہلے سبق کے عنوان کا اعلان کرنے کے لئے طلبہ سے بات چیت کرنا اور تدریس کے لیے سازگار ماحول بنانے کے لیے معلم طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے۔

(۱) کسی بھی ادارہ یا ملک کو چلانے کے لئے کیا ضروری ہے؟
(۲) ایسے قوانین اور اصول کہاں لکھے ہوتے ہیں؟
(۳) آئین میں اور کیا باتیں لکھی ہوتی ہیں؟

پیارے بچو! آج ہم آئین , قانون اور بنیادی حقوق کے احترام, کی بارے میں پڑھیں گے۔اس سبق میں ہم ملک کے قانون, ۱۹۷۳ ء والے آئین اور اس میں بیان کیے گئے, بنیادی انسانی حقوق کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں گے, اپنی کتاب کا صفحہ نمبر ---- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد سبق کا متن بلند آواز میں پڑھتا ہے اور طلبہ کو توجہ سے سننے کی ہدایت کرتا ہے۔ تدریس کے دوران تصاویر کی مدد سے سبق کے خاص نکات کے تصور کو اجاگر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

معلم ، طلبہ کو خاموشی سے پڑھنے کی تاکید کرتا ہے اور نئے الفاظ کے نیچے لکیر دینے کو کہتا ہے۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد ، چند طلبہ کو سبق کے مختلف پیرا گراف بلند آواز میں پڑھنے کو کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

یہ جائزہ لینے کے لئے کہ طلبہ کو سبق کی کس حد تک آگاہی ہوئی ہےان سے چند سوال کرتا ہے اور ان کے دیئے گئے جوابوں سے حاصلاتِ تعلّم کا اندازہ لگا سکے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد مشق کے سوالوں کے جواب بورڈ پر لکھتا ہے اور طلبہ کو لکھنے کے لئے کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: استاد طلبہ کو خالی جگہ پر کرنے میں مدد کرتا ہے۔

1. بچانے کی ضمانت
2. سپریم کورٹ
3. ۲۳ مارچ ۱۹۷۳ء
4. سست
5. ووٹ

سرگرمی ۳: استاد مشق صحیح یا غلط کو حل کرنے میں طلبہ کی مدد کرتا ہے۔

(1) ✗ (2) ✓ (3) ✗ (4) ✓ (5) ✗

سرگرمی ۴: کتاب میں دی گئی ہے۔

سرگرمی ۵: کتاب میں دی گئی ہے۔

چوتھا سبق

# معاشرتی زندگی میں وقت کی پابندی کی اہمیت

**اصلاحات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:

| |
|---|
| ❖ RS2Db105: کام کاج والی جگہوں پر اپنی ذمہ داریوں کو وقت کی پابندی سے ادا کرنے کا عملی مظاہرہ کریں گے۔ |
| ❖ RS2Db106: معاشرتی زندگی میں وقت اور اس کی پابندی کی اہمیت پر بات چیت کرسکیں گے۔ |
| ❖ RS2Db107: وہ طریقے جان سکیں گے جن کے ذریعے ایک فرد اپنی سماجی زندگی کے معمولات کا ٹائیم ٹیبل بناسکتاہے۔ |

**بنیادی تصور:**

- روزہ مرہ کی زندگی میں وقت اور اس کی اہمیت کو سمجھنا۔
- کسی تقریب, سفر یا تفریح پر جانے کے لیے پہلے سے شیڈ یول ترتیب دے سکیں۔

**تدریسی معاونت:**

- کسی کارخانہ میں جانے کے لیے مقررہ وقت کی تصویر
- کسی تقریب میں مقررہ وقت پر پہنچنے کی تصویر
- سفید بورڈ , مارکر, سفید پیپر

**طریقہ تدریس:**

تمہیدی سوال: استاد، سبق پڑھانے سےپہلے طلبہ و طالبات میں ذہنی ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے طلبہ سے گفتگو کرتا ہے اور چند سوال کرتا ہے۔

سوال نمبر ۱: اس تصویر میں کیا نظر آرہا ہے؟ (ایک تصویر)

سوال نمبر ۲: اس تصویر میں آپ کو کیا نظر آرہا ہے؟ (دوسری تصویر)

سوال نمبر ۳: ان تصویروں میں کس کی اہمیت ظاہر ہو رہی ہے؟

پیارے بچو! آج ہم وقت اور اس کی پابندی کی اہمیت کے عنوان پر سبق پڑھیں گے۔ اس سبق میں وقت کی اہمیت کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرسکیں گے۔ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر--- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد ،سبق کی مثالی خواندگی کرتا ہے اور طلبہ کو غور سے سننے کی ہدایت کرتا ہے اور تدریس کے دوران طلبہ کو تصویریں دکھاتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

معلم ،طلبہ کو خاموشی سے سبق پڑھنے کے لیے کہتا ہے اور نئے الفاظ کو پینسل سے Under line کرنے کا کہتا ہے۔

**تیسرا قدم: جائزہ**

یہ جائزہ لینے کے لیے کہ طلبہ نے کس حد تک سبق کو سمجھا ہے ان سے چند

سوال کرکے ان کے سیکھنے کا اندازہ لگاتاہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد ،مشق کے سوال بورڈ پر لکھتا ہے اور طلبہ کو لکھنے کے لیے کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: استاد، طلبہ کو خالی جگہ پر کرنے میں مدد کرتا ہے۔

1. ویر
2. امکان
3. ووٹ
4. باٹنا
5. پابندی

سرگرمی ۳: استاد ،مشق صحیح یا غلط کو حل کرنے میں مدد کرتا ہے۔

(1) ✗ (2) ✓ (3) ✗ (4) ✓ (5)✓

**تیسرا باب:    سماجی و معاشرتی آدابپہلا سبق**

# میل جول کے آداب

**حاصلات تعلم:**

سبق کی تدریس کے بعد طلبہ اور طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ :

- ❖ RS3Db101:میل جول کے آداب کا مفہوم بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS3Db102:بچوں کے ایک دوسری کے ساتھ ملنے جلنے کی اہمیت کو واضح کرسکیں گے۔
- ❖ RS3Db103:میل جول رکھنے کے مختلف طریقے جیسا کہ خوش آمدید کہنا, مبارک دینا, اور خوشی کے اظہار کی آگاہی حاصل کرسکیں گے۔
- ❖ RS3Db104:مثالوں کے ذریعے واضح کریں گے کہ اسکول کے دوستوں, مددگار عملے اور اساتذہ کو کس طرح خوش آمدید کہیں, مثالوں کے ذریعے عملی مظاہرہ کریں کہ کسی تقریب میں شریک ہونے کے کیا آداب ہیں۔

**بنیادی تصور:**

- عملی زندگی میں ملنے جلنے کے آداب کا لحاظ رکھنا اور لطف اندوز ہونا۔

**امدادی اشیا:**

- کسی تقریب میں دوست کو دعا سلام کرتے ہوئے تصویر (تصویر)
- دوست کو تحفہ دیتے ہوئے تصویر (تصویر دیں)
- سفید بورڈ , مارکر

**طریقہ تدریس:**

استاد، تدریس سے پہلے طلبہ میں ذہنی آمادگی پیدا کرنے کے لیے تصویر دکھا کر طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے۔

(۱) اس تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہیں؟ (تصویر دکھاتا ہے)
(۲) امتحان میں کامیاب ہونے پر آپ اپنے دوست کو کیا دیتے ہیں؟
(۳) کسی تقریب میں لوگوں کوایک دوسرے کے ساتھ کیسے ہونا چاہئے؟

پیارے بچو! آج کے سبق کا عنوان ہے میل جول کے آداب, جس میں ہم دعا سلام کرنا, مبارک دینا, تحفہ دینا, تقریب میں ایک دوسرے سے ملنے کے آداب کی بارے میں پڑھیں گے, آپ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر ---- کھولیں۔

**پہلا قدم:    مثالی خواندگی**

استاد، سبق کو مثالی خواندگی کے ذریعے بلند آواز میں پڑھتا ہے, پڑھنے کے دوران تصاویر دکھاتا ہے اور الفاظ اور جملوں کے مفہوم کو ذہن نشین کرانے کی کوشش کرتا ہے۔

**دوسرا قدم:   خاموش خواندگی**

استاد، سبق کے متن کو خاموشی سے پڑھنے اور سمجھنے کے لئے کہتا ہے۔ نئے الفاظ کی نیچے لکیر دینے کو کہتا ہے, تاکہ وہ ان کوالفاظ کے معنیٰ اور مفہوم بتاسکے۔

**تیسرا قدم:    انفرادی خواندگی**

استاد، طلبہ کو سبق کے متن کے مختلف حصے بلند آواز میں پڑھنے کو کہتا

ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

یہ جائزہ لینے کے لئے کہ طلبہ نے کس حد تک سبق کو ذہن نشین کیا ہے طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے تاکہ اندازہ لگاسکے کہ وہ سبق کی تدریس میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد مشق کے سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھتا ہے اور طلبہ کو اپنے نوٹ بک پر لکھنے کو کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: استاد طلبہ کو خالی جگہ پر کرنے والی مشق حل کرنے میں مدد کرتا ہے۔

1. ملنا جلنا
2. مسکراہٹ
3. گُھور کر
4. افسوس
5. ساری عمر

سرگرمی ۳: استاد، مشق صحیح یا غلط کو حل کرنے میں طلبہ کی مدد کرتا ہے۔

(1) ✗ (2) ✓ (3) ✗ (4) ✓ (5) ✓

سرگرمی۴: کتاب میں دی گئی ہے۔

سرگرمی ۵: کتاب میں دی گئی ہے۔

دوسرا سبق

# بزرگوں کا احترام اور بیماروں کی عیادت کرنا

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائں گے کہ:

- ❖ RS3Db101:بزرگوں کے احترام میں کھڑا ہونا سیکھیں گے۔
- ❖ RS3Db102:اپنے سے بڑوں کے لئے اپنی نشست پیش کرنے کا عملی مظاہرہ پیش کرسکیں گے اور ان کو روڈ کراس کرنے میں مدد کرسکیں گے۔
- ❖ RS3Db103:بڑوں کی نصیحتوں اور مشوروں پر عمل کریں گے اور بزرگوں کے لئے باادب اور فرمانبردار ہونے کی کوشش کریں گے۔
- ❖ RS3Db104:یہ احساس کریں گے کہ بیماروں کو دوائیں دینے کے ساتھ اخلاقی اور نفسیاتی مدد کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

**بنیادی تصور**

(۱) بزرگوں کا ادب و احترام کرنا, ان کا کہنا ماننا اور ان کی مدد کرنا۔

(۲) مریضوں کی عیادت کرتے وقت چند باتوں کا خیال رکھنا۔

**امدادی اشیا**

- کسی بزرگ کے احترام میں کھڑے ہونے اور روڈ پار کروانے کی تصویر (تصویر)
- عیادت کر نے کے اصولوں کی تصویر (تصویر)
- سفید بورڈ , مارکر

**طریقہ تدریس**

تمہیدی سوالات پڑھانے سے پہلے سیکھنے کے عمل کے لئے سازگار ماحول بنانا۔

(۱) اس تصویر میں کیا نظر آ رہا ہے؟ (ممکن جواب ایک نوجوان ایک بزرگ کے احترام میں کھڑا ہے۔)

(۲) اس دوسری تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہو؟ (ایک بزرگ کو نوجوان راستہ پار کرنے میں مدد کر رہا ہے)

(۳) ان( تصویر میں موجود) باتوں کا استعمال ہم اکثر کب کرتے ہیں ؟ (بیمار کی عیادت کرتے وقت)

پیارے بچو: آج ہم بزرگوں کا احترام اور بیماروں کی عیادت کے عنوان پر سبق پڑھیں گے, کتاب کا صفحہ نمبر---کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد، سبق کو بلند آواز اور مناسب لہجے میں پڑھتا ہے۔ طلبہ کو غور سے سننے کا کہتا ہے, اور ان کو تصاویر دکھاکر سبق کا مفہوم سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ کو خاموشی سے پڑھنے کا کہتا ہے نئے الفاظ کو Underline کرنے کا کہتا ہے۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد ، طلبہ کو سبق کے مختلف پیراگراف بلند آواز میں پڑھنے کو کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

یہ جائزہ لینے کے لئے کہ طلبہ نے کس حد تک آگاہی حاصل کی ہے, طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے تاکہ دیئے گئے جوابوں سے یہ اندازہ لگا سکے کہ وہ کس حد تک کامیاب ہوا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد مشق کے سوالات کے جواب بورڈ پر لکھتا ہے اور طلبا کو اپنےنوٹ بک پر لکھنے کا کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: استاد طلبہ کو خالی جگہ پر کرنے والی مشق میں مدد کرتا ہے۔

1. بزرگوں
2. باپ (والد)
3. فرمانبردار
4. مضبوط ہوتی ہے
5. پھل اور پھولوں کا گلدستہ

سرگرمی ۳: استاد مشق صحیح یا غلط کو حل کرنے میں طلبہ کی مدد کرتا ہے۔

(1) ✓ (2) × (3) × (4) ✓ (5) ×

سرگرمی ۴: کتاب میں دی گئی ہے۔

سرگرمی ۵: کتاب میں دی گئی ہے۔

**چوتھا باب: شخصیات پہلا سبق**

# مِیراں بائی

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ:

- RS4Db101: میرا ں بائی کی زندگی کا مختصر خاکہ بیان کرسکیں گے۔
- RS4Db102: تسلیم کریں گے کہ بچپن میں ان کی ''ماں کے کہے ہوئے" الفاظ ان کی زندگی کا دستور بن گئے۔
- RS4Db103: ان کے شری کرشن بھگوان کے لئے بے تحاشہ پیار اور حقیقی مالک کے راستے میں ان کو جن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اس کے باری میں بات چیت کرسکیں گے۔
- Rs4Db104: وہ سمجھ سکیں گے کہ پرعزم, جستجو، اپنی محنت اور روحانی گرو کی دعا انہیں اس کے مقصد میں کامیابی دلاتی ہے اور سماجی ہم آہنگی اور اپنی محنت والی راہ میں ان کی خدمت کی وضاحت بیان کرسکیں گے۔

**بنیادی تصور:**

- میرا ں بائی کی حالات زندگی سے واقف ہونا۔
- بھگوان شری کرشن کے لئے بے حد محبت اور عقیدت کو بیان کرنا اورتعریف کرنا۔

**امدادی اشیا:**

- میراں بائی کی ایک تصویر (تصویر)
- سفید بورڈ اور مارکر

**طریقہ تدریس:**

طلبہ کو اس سبق کے لیئے ذہنی طور پر آمادہ کیا جائے جس کے لئے میراں بائی کی تصویر طلبہ کے سامنے رکھ کر ان کو ان کی زندگی سے متعارف کروانے کے لئے طلبہ سے معلوم کریں۔

کیا آپ میں سے کسی بچے نے اس تصویر والی مقدس شخصیت کو کسی مندر یا مووی میں دیکھا ہے؟

جوابات ملنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کو مزید معلومات دینے کے لئے بتائیں کہ

پیارے بچو! آج ،ہم "میرا ں بائی " کے عنواں پر سبق پڑھیں گے, آپ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر---- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد ،طلبہ کے سامنے سبق کو بلند آواز میں پڑھتا ہے اور ان کو توجہ سے سننے کا کہتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموشی خواندگی**

استاد، طلبہ کو خاموشی سے پڑھنے کا کہنا ہے سبق کے نئے الفاظ کے نیچے لکیر دےکر نمایاں کرنے کو کہتا ہے تاکہ وہ ان الفاظ کے معنی پوچھ سکیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد، طلبہ کو سبق کے مختلف حصے بلند آواز سے پڑھنے کاکہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبہ نے سبق کتنا سمجھا ہے یہ معلوم کرنے کے لئے استاد طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے اور ان کے دئے ہوئےجوابات سے اندازہ لگاتا ہے کہ اس کی تدریس کس حد تک کامیاب ہوئی ہے, درست جوابات ملنے پر طلبہ کی تعریف کرتا ہے اور غلطیوں کی صورت میں اُن کی اصلاح کرتے ہوئے انہیں سمجھانے کی کوشش کرتا ہے۔

**سرگرمیاں :**

سرگرمی ۱: استاد مشق کے سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھ کر طلبہ کو لکھنے کا کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: درست جوابات سے خالی جگہ پُر کرنے والی مشق لکھواتا ہے اور لکھے ہوئے کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی ۳: استاد طلبہ کو کالم ملاکر جملے مکمل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی ۴: سرگرمی (کھیل کود) میں دیے گئے میرا ں بائی کے لکھاریوں کے بارے میں معلومات جمع کرنے میں آگاہی دیتا ہے اور ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

دوسرا سبق

# مقدس آگسٹین

**حاصلات تعلم:**

یہ سبق پڑھنے کہ بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ :

- ❖ RS4Db101: لفظ مقدس کا مفہوم بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS4Db202: مقدس آگسٹین کی حالات زندگی کو مختصر بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS4Db203: ان کے عقیدے کو چھوڑنا اور پھر سے واپس مسیحیت میں آنے کا سبب بتاسکیں گے، اپنے عقیدے کو پھیلانے کے لئے کی گئی خدمات کو بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS 4Db303: اخلاقی اقدار اور مذہبی تعلیمات کی ترقی کے لئے ان کے کردار کو بیان کرسکیں گے، انسانیت کے لئے ان کی خدمات بیان کرسکیں گے۔

**بنیادی تصور**

مقدس اگسٹین کی حالات زندگی سے واقفیت حاصل کرنا۔
مقدس آگسٹین کی خدمات کے بارے میں بیان کر سکیں گے۔
سفید بورڈ اور مارکر۔

**طریقہ تدریس**

سبق پڑھنے سے پہلے طلبہ کی ذہنی آمادگی کے لئے مقدس آگسٹین کی تصویر دکھا کر سبق کی طرف توجہ دلائیں اور سابقہ معلومات کی بنیاد پر ان سے مسیحیت کی اہم باتوں اور اشخاص کے بارے میں سوال کریں جیسا کہ

- مقدسین میں کون سے نام آتے ہیں؟
- کیا مقدسہ حضرت مریم علیہاالسلام کے علاوہ کسی اور مقدس کے باری میں آپ جانتے ہیں؟

جوابات ملنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کو مزید معلومات دینے کے لئے بتائیں کہ

پیارے بچو! آج ہم "مقدس آگسٹین" کے بارے میں پڑھیں گے۔
آپ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر ---کھولیں۔

**پہلاقدم: مثالی خواندگی**

استاد، طلبہ کی سامنے سبق بلند آواز میں پڑھتا ہے اور انہیں توجہ سے سننے کا کہتا ہے۔

**دوسراقدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ کو خاموشی سے پڑھنے کے لئے کہتا ہے۔ سبق میں نئے الفاظ کے نیچے لکیر لگانے کو کہتا ہے تاکہ وہ ان الفاظ کےمعنیٰ پوچھ سکیں۔

تیسرا قدم:استاد طلبہ کو بلند آوا ز میں سبق کے مختلف حصے پڑھنے کو کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبہ نے سبق کتنا سمجھا ہے یہ معلوم کرنے کے لئے استاد طلبہ سے چند

سوالات کرتا ہے اور ان کے دیے گئے جوابات سے  اندازہ  لگاتاہے کہ وہ اس سبق کی تدریس میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے, ساتھ ساتھ درست جوابات دینے والے طلبہ کی تعریف کرتا ہے, غلطیوں  کی  صورت میں ان کی اصلاح کرتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱:  استاد مشق کے سوالات کے جوابات  بورڈ  پر لکھتا ہے اور طلبہ کو لکھنے کے لئے کہتا ہے۔

سرگرمی ۲:  درست جوابات سے خالی جگہ  پر کریں والی مشق لکھواتا ہے اور درست کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی ۳:  استاد طلبہ کو صحیح یا غلط والی مشق مکمل کرنے  میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی ۴:  سرگرمی  (کھیل کود) میں مقدس آگسٹین  کے بارے میں معلومات مکمل کرنے میں طلبہ کو آگاہی دیتا ہے۔

تیسرا سبق

# اِبنِ مسکویہ

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ وہ :

- ❖ RS4Db101: ابن مسکویہ کی زندگی کے حالات کا مختصر خاکہ بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS4Db202: اخلاقی صحت کے متعلق ان کے خیالات کی وضاحت کرسکیں گے۔
- ❖ RS4Db303: اخلاقی اقدار اور اخلاقی اصولوں والے سماج کی تعمیر کے لئے ان کی خدمات کی تعریف کرسکیں گے۔
- ❖ RS4Db404: ان کی کتاب "تہذیب الاخلاق" کے حوالے سے ان کی اہم باتوں کا مطالعہ کر کے ان پر عمل کرسکیں گے۔

**بنیادی تصور:**

ابن مسکویہ کی حالات زندگی سے واقفیت حاصل کرنا۔

ابن مسکویہ کی خدمات اور ان کی کتاب "تہذیب الاخلاق" کی جانکاری حاصل کرنا۔

**امدادی اشیا (تدریسی معاونت):**

ابن مسکویہ اور ان کی کتاب کی تصویر (تصویر)

سفید بورڈ , مارکر

**طریقہ تدریس:**

سبق کے لئے طلبہ کو ذہنی طور پرآمادہ کریں جس کے لئے ابن مسکویہ یا ان کی لکھی ہوئی کتاب کی تصویر سامنے رکھ کر طلبہ سے معلوم کریں۔

- کیا آپ میں سے کسی بچے نے اس تصویر والی مقدس شخصیت کو دیکھاہے ۔
- جوابات ملنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کو مزید معلومات کےلئے بتائیں کہ

پیارے بچو! آج ہم مذہبی تعلیمات میں اپنی خدمات پیش کرنے والی شخصیت "ابن مسکویہ" کے بارے میں پڑھیں گے۔ آپ اپنی کتاب صفحہ نمبر------ کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد، طلبہ کے سامنے بہت عمدہ طریقے سے سبق پڑھتا ہے اور ان کو توجہ سے سننے کو کہتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ کو خاموشی سے سبق پڑھنے کا کہتا ہے اور نئے الفاظ کے نیچے لکیر دینے کو کہتا ہے تاکہ وہ ان کے معنیٰ پوچھ سکیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد ،طلبہ کو سبق کے مختلف حصے بلند آواز سے پڑھنے کاکہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبہ نے سبق کتنا سمجھا ہے یہ جائزہ لینے کے لئے استاد طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے اور ان کے دئے گئے جوابات سے اندازہ لگاتا ہے کہ وہ اس سبق

کی تدریس میں کس حد تک کامیاب ہوا ہے, ساتھ ساتھ درست جواب ملنے پر طلبہ کی تعریف کرتا ہے, اور غلطیوں کی صورت میں ان کی اصلاح کرتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد طلبہ کو مشقی سوالات کے جواب بورڈ پر لکھ کر طلبہ کو لکھنے کا کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: درست جوابات سے خالی جگہ پر کرنے والی مشق لکھواتا ہے ۔

سرگرمی ۳: استاد طلبہ کو کالم ملاکر جملہ مکمل کرنے والی مشق میں مدد کرتا ہے۔

سرگرمی ۴: سرگرمی (کھیل کود) میں دیے گئے ابن مسکویہ کی کتاب کی فہرست بنانے میں طلبہ کو آگاہی فراہم کرتا ہے اور کتابوں کی تلاشی میں ان کو انٹرنیٹ کے استعمال کی رہنمائی کرتا ہے۔

**چوتھا سبق**

# ابراھام لِنکن

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوجائیں گے کہ وہ :

- ❖ RS4Db101: ابراہام لنکن کی ابتدائی زندگی کے بارے میں بتاسکیں گے۔
- ❖ RS4Db202: ان کی شادی والی زندگی اور صدارتی منصب تک پہنچنے کو بیان کرسکیں گے۔
- ❖ RS4Db203: پیشےاور ان کے عوامی زندگی کے ہر موڑ پر ایماندار سے چلنے والی صفت کا جائزہ لے سکیں گے۔
- ❖ RS4Db204: جمہوریت, قانون کی حکمرانی, عوام اور غلاموں کے حقوق کے لئے ان کی خدمات کو واضح کرسکیں اور اس نظام کی تعریف کرسکیں گے۔
- ❖ Rs4Db205:ان کے عظیم مقاصد کی تعریف کرسکیں گے جن کے لئے ابراہام لنکن نے اپنی جان کی قربانی دی۔

**بنیادی تصور:**

- سابقہ امریکی صدر ابراہام لنکن کی حالات زندگی سے واقف ہونا۔
- جمہوریت کی بحالی, انسانی حقوق کی بحالی اور غلاموں کو آزادی دلوانے جیسی خدمات کی تعریف کرنا ور بیان کرنا۔

**امدادی اشیا:**

- ابراہام لنکن کی ایک تصویر (تصویر)
- امریکی پرچم
- سفید بورڈ اور مارکر۔

**طریقہ تدریس:**

سبق کے لئے طلبہ کو ذہنی طور آمادہ کیا جائے, جس کے لئے سابق امریکی صدر ابراہام لنکن اور ان کے ملک کی تصویر طلبہ کے سامنے رکھ کر ان سے معلوم کریں ۔

(۱) کیا آپ جانتے ہیں کہ یہ پرچم کس ملک کا ہے؟ (استاد تصویر دکھاتا ہے)

(۲) امریکہ کی مشہور صدور کے نام بتائیں؟

سابقہ معلومات کے جواب دینے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں اور ان کو معلومات دینے کے لئے بتائیں کہ

پیارے بچو! آج ہم امریکہ کے صدارتی عہدے پر فائز رہنے والے عظیم شخصیت "ابراہام لنکن" کے بارے میں پڑھیں گے۔ اپنی اپنی کتاب کا صفحہ نمبر--- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد ،طلبہ کے سامنے بلند آواز میں سبق پڑھتا ہے, ان کو توجہ سے سننے کا کہنا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ کو خاموشی سے سبق پڑھنے کا کہتا ہے, اور نئے الفاظ کے نیچے

لکیر دینے کو کہتا ہے تاکہ وہ ان الفاظ کے معنیٰ پوچھ سکیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد، طلبہ کو سبق کے مختلف پیراگراف پڑھنے کا کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبہ نے کس حد تک معلومات حاصل کے ہے یہ جائزہ لینے کے لئے استاد طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے تاکہ وہ ان کے دئے گئے جوابات سے اندازہ لگاسکے کہ وہ اپنی تدریس میں کس حد تک کامیاب ہوا, درست جوابات ملنے پر طلبہ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے, اور غلطیوں کی صورت میں ان کی اصلاح کرتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد طلبہ کو مشقی سوالات بورڈ پر لکھ کر طلبہ کو لکھنے کے لیے کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: درست جوابات سے خالی جگہ پر کرنے والی مشق لکھواتا ہے, اور لکھی ہوئی کی تعریف کرتا ہے۔

سرگرمی۳: استاد طلبہ کی جملے کے صحیح یا غلط ہونے والی مشق حل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی ۴: سرگرمی (کھیل کود) میں ابراہام لنکن کے انسانی حقوق والے کاموں کی فہرست بنانے اورحصولِ مواد کے متعلق رہنمائی کرتا ہے۔

**پانچواں باب: مذہبی تہوار پہلا سبق**

# دیوالی

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ وہ:

- ❖ RS5Db101:دیوالی کی وضاحت کرسکیں گے۔
- ❖ RS5Db102:یہ جان سکیں گے کہ دیوالی سال کے کون سے دن کو منائی جاتی ہے۔
- ❖ RS5Db103:اس بات کی تعریف کریں گے کہ "سچی لکشمی" اخلاقی اقدار پر عمل کرنے میں چھپی ہوتی ہے۔
- ❖ RS5Db104:(روشنیوں کے تہوار) کے طور پر دیوالی کے اہمیت بیان کرسکیں گے۔ پٹاخوں اور پھل جھڑیوں کو جلاتے وقت حفاظتی اقدامات کا عملی مظاہرہ کرسکیں گے۔

**بنیادی تصور:**

(۱) دیوالی منانے کی اہمیت کو سمجھنا۔
(۲) دیوالی کے پس منظر کو جاننا۔
(۳) اپنی خوشیوں میں غریبوں اور ضرورت مندوں کو شامل کرنا۔

**امدادی اشیاء:**

دیوالی کی تصویر (تصویر دیں)
سفید بورڈ , مارکر۔

**طریقہ تدریس:**

استاد، تمہیدی طورپر , پڑھانے سے پہلے طلبہ میں ذہنی آمادگی کے لئے سازگار ماحول بناتا ہے طلبہ کو دیوالی کے رسموں کی تصویر دکھا کر مندرجہ ذیل سوالات کرتا ہے۔

(۱) اس تصویر میں آپ کیا دیکھ رہے ہو؟
(۲) ہندو مذہب کے خاص تہوار کونسے ہیں؟

پیارے بچو! آج ہم ہندو دھرم کے ایک اہم تہوار "دیوالی" کے بارے میں پڑھیں گے۔ کتاب کا صفحہ نمبر---- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد، بلند آواز میں سبق پڑھتا ہے اور طلبہ کو توجہ سے سننے کا کہتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ کو خاموشی اور توجہ سے سبق پڑھنے کاکہتا ہے, اور انہیں یہ ہدایت کرتا ہے کہ نئے الفاظ کے نیچی لکیر دیں تاکہ وہ ان کے معنی اور مفہوم پوچھ سکیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد ،کلاس میں موجود طلبہ میں سے چند طلبہ کو مختلف پیراگراف بلند آواز میں پڑھنے کا کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبہ سبق کو کس حد تک سمجھ سکیں ہیں یہ جاننے کے لئے استاد طلبہ سے

چند سوالات کرتا ہے تاکہ وہ اندازہ لگا سکے کہ اس سبق سے کتنی آگاہی ہوئی ہے, درست جوابات پر طلبہ کی تعریف کرتا ہے اور غلطیوں کی اصلاح کرتاہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد مشقی سوالات بورڈ پر لکھ کر طلبہ کو لکھنے کے لئے کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: درست جوابات سے خالی جگہ پر کرنے والی مشق لکھواکر ان کے لکھے ہوئے کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی ۳: استاد طلبہ کی جملے کے صحیح یا غلط ہونے کی مشق حل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی ۴: استاد سرگرمی (کھیل کود) میں دیئے گئے دیوالی کے ایک خاکے کو پیش کرنے میں طلبہ کی رہنمائی کرتا ہے اور ان کو ریہرسل کروانے میں مدد کرتا ہے۔

دوسرا سبق

# جنم اشٹمی

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ وہ:

- ❖ RS5Db101:جنم اشٹمی کی وضاحت کرسکیں گے۔
- ❖ RS5Db102:شری کرشن بھگوان کے ماں باپ کے نام اور ان کی زندگی کے بارے میں بتاسکیں گے۔
- ❖ RS5Db103:یہ جان سکیں گے کہ اس دن شری کرشن بھگوان نے جنم لیا یا ان کا ظہور ہوا۔
- ❖ RS5Db104:دھرم کو زندہ رکھنے والی خدمات کی یاد میں منانے والے اس تہوار کے بارے میں بحث و مباحثہ کرسکیں گے اور جان سکیں گے کہ بھگوان کی طرف سے "شریمد بھگود گیتا" انسان کے لیے ایک عجیب تحفہ ہے۔

**بنیادی تصور:**

- جنم اشٹمی کے متعلق آگاہی حاصل کرنا۔
- شری کرشن بھگوان اور جنم اشٹمی کے تعلق کو سمجھنا ۔

**طریقہ تدریس:**

استاد ، پڑھانےسے پہلے سیکھنے کے لئے ذہنی آمادگی پیدا کرنے اور سازگار ماحول بنانے کے لئے طلبہ کو جنم اشٹمی کے تہوار کی تصویر دکھاتا ہے اور ان سے چند سوالات کرتا ہے۔

(۱) ہولی اور دیوالی کے علاوہ ہندو مذہب کے پیروکار دوسرے کون سے تہوار مناتے ہیں؟

طلبہ کے جوابات دینے پر استاد ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور بتاتا ہے کہ پیارے بچو,آج ہم ہندو دھرم کے مقدس تہوار "جنم اشٹمی" کے بارے میں پڑھیں گے, آپ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر ---- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد، بلند آواز اور مناسب انداز سے سبق پڑھاتا ہے اور طلبہ کو توجہ سے سننے کو کہتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ کو سبق خاموشی سے پڑھنے اور سمجھنے کے لئے کہتا ہے اور نئے الفاظ کے نیچے لکیر دینے کا کہتا ہے تاکہ وہ ان کےمعنی پوچھ سکیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد، کلاس میں بغیر ترتیب کے چند طلبہ کو سبق پڑھنے کا کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

طلبہ نے سبق سے کس حد تک آگاہی حاصل کی ہے یہ معلوم کرنے کے لئے استاد، طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے۔ اور ان کی تعریف یا اصلاح کرتا ہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد مشقی سوالات کے جوابات بورڈ پر لکھ کر طلبہ سے لکھنے کو

کہتا ہے۔

سرگرمی ۲: درست جوابات سے خالی جگہ پر کرنے والی مشق حل کرواتا ہے اور لکھے ہوئے کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی ۳: استاد طلبہ کو جملوں میں صحیح یا غلط والی مشق حل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی ۴: سرگرمی (کھیل کود) میں دی گئی اصطلاحات کی وضاحت کرنے میں طلبہ کو آگاہی دیتا ہے اور ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

تیسرا سبق

# بیساکھی

**حاصلات تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ و طالبات اس قابل ہوسکیں گے کہ وہ:

❖ RS5Db101:بیساکھی کا مفہوم بیان کر سکیں گے۔
❖ RS5Db102:یہ جان سکیں گے کہ سال کی کونسی تاریخ کو بیساکھی کا مذہبی تہوار جوش و جذبے کے ساتھ منایا جاتا ہے۔
❖ RS5Db103:یہ جان سکیں گے یہ تہوار پنجاب کی "گندم کی کٹائی والا تہوار "بھی کہلاتا ہے اور اس دن سے سکھوں کے نئے سال کا آغاز بھی ہوتا ہے۔
❖ RS5Db104:اس بات کو اچھی طرح سمجھیں گے کہ یہ ایک ایسا موقع ہے جس میں سب لوگ شریک ہوتے ہیں۔
❖ RS5Db105:اس دن پر گانے بجانے اور خوشی منانے کے پس منظر پر بات چیت کرسکیں گے۔

**بنیادی تصور:**

(۱) بیساکھی کی اہمیت کو جاننا۔
(۲) بیساکھی کی مذہبی اور ثقافتی حیثیت کو جاننا۔

**امدادی اشیا:**

- سفید یا ہرا بورڈ , مارکر۔
- بیساکھی منانے کی تصویر۔

**طریقہ تدریس:**

سبق کے بارے میں ذہنی آمادگی اور سازگار ماحول بنانے کے لئے استاد طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے۔

(۱) یہ تصویر کس کے بارے میں ہے؟
(۲) پاکستان میں مسلمانوں کے علاوہ اور کس مذہب کے لوگ رہتے ہیں؟

طلبہ کی طرف سے ملے ہوئے جوابات پر ان کی تعریف اور حوصلہ افزائی کریں اور پھر ان کو بتائیں کہ

پیارے بچو! آج ہم سکھ مذہب کے تہوار "بیساکھی" کی بارے میں پڑھیں گے۔ آپ اپنی مذہبی تعلیمات کی کتاب کا صفحہ نمبر --- کھولیں۔

**پہلا قدم: مثالی خواندگی**

استاد، بلند آواز میں مثالی طریقی سے سبق پڑھتا ہے اور طلبہ کو غور سے سننے کے لئے کہتا ہے۔

**دوسرا قدم: خاموش خواندگی**

استاد، طلبہ کو خاموشی سے سبق پڑھنے کا کہتا ہے اور ان کو یہ ہدایت کرتا ہے کہ نئے الفاظ کے نیچے لکیر دیں تاکہ وہ ان الفاظ کے معنیٰ پوچھ سکیں۔

**تیسرا قدم: انفرادی خواندگی**

استاد، کلاس کے چند طلبہ کو بلند آواز میں سبق پڑھنے کا کہتا ہے۔

**چوتھا قدم: جائزہ**

سبق کا اندازہ لگانے کےلیے استاد طلبہ سے چند سوالات کرتا ہے تاکہ معلوم کرے کہ طلبہ نے سبق کو کس حد تک سمجھا ہے, اس طرح درست جوابات پر اطمینان کرتے ہوئے ان کو سراہتا ہے اور غلطیوں کو صحیح کرنے کا کہتاہے۔

**سرگرمیاں:**

سرگرمی ۱: استاد مشقی سوالات بورڈ پر لکھ کر طلبہ کو لکھنے کا کہتا ہے۔

سرگرمی۲: درست جوابات سے خالی جگہ پر کرنے والی مشق لکھواکر لکھے ہوئے کی تصدیق کرتا ہے۔

سرگرمی ۳: استاد طلبہ کو جملے کے صحیح یا غلط ہونے والی مشق حل کرنے میں رہنمائی کرتا ہے۔

سرگرمی ۴: سرگرمی (کھیل کود) میں دی گئی اصطلاحوں کی وضاحت کرنے میں طلبہ کو آگاہی دیتا ہے اور ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد کِشورِ حَسین شاد باد
تُو نِشانِ عزمِ عالی شان ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَرزمین کا نِظام قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم ، مُلک ، سلطنت پایندہ تابندہ باد
شاد باد منزلِ مُراد

پَرچمِ ستارہ و ہِلال رہبرِ ترقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال جانِ اِستقبال
سایۂ خدائے ذُوالجلال


نظامت خواندگی و غیر رسمی تعلیم
نظامت نصاب، جائزہ و تحقیق
محکمہ تعلیم و خواندگی، حکومتِ سندھ